## بین الاقوامی سطح پر کھانے پینے کی اشیاء کی قلت ''خاموش سونامی'' کی شکل اختیار کر رہی ہے، الطاف حسین

## سیاسی و مذہبی جماعتیں اور وکلاء انجمنیں ملک کی نازک صورتحال کو سمجھتے ہوئے تضادات اور اختلافات کی سیاست کو ختم کرکے قومی مفاہمت کی پالیسی اپنائیں

## فاقہ کشی کی وجہ سے روزانہ مختلف خاندان خودکشی کر رہے ہیں، غریب ہی نہیں بلکہ چھوٹے بڑے تاجر اور صنعتکار بھی پریشان ہیں

## امریکہ اور نیٹو ممالک پاکستان کی موجودہ سیاسی صورتحال پر انتہائی غیر اطمینانی کا شکار ہیں

## بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی امداد بند کرنے کی باتیں کھلے عام بین الاقوامی اخبارات میں شائع ہورہی ہیں

## ملک کی بگڑتی ہوئی معاشی صورتحال کے پیش نظر ہمیں سیاسی اختلافات کو افہام و تفہیم سے حل کرنے پر توجہ دینی چاہئے

## فاقہ کش خاندانوں کو آٹا، چاول اور دالیں فراہم کرنے کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کریں، کے کے ایف کے رضا کاروں سے اپیل

لندن۔۔۔26، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنے ایک بیان میں ملک کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں اور وکلاء انجمنوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ خدارا ملک جس نازک دور سے گزر رہا ہے اس کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے تضادات اور اختلافات کی سیاست کو ختم کرکے قومی مفاہمت کی پالیسی کو عملاً اپنائیں، ذاتی وسیاسی مفادات کی سیاست اپنانے کے بجائے ملک کی بقاء وسلامتی کو عزیز جانیں اور ملک کے نازک ترین حالات کو سنجیدگی سے سمجھنے کی کوشش کریں۔انہوں نے کہا کہ ملک جس نازک معاشی صورتحال سے گزر رہا ہے اس سے نمٹنے کا واحد راستہ ایک دوسرے کو برداشت کرنے اور قومی مفاہمت پیدا کرنے میں ہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر تیل کی قیمتیں ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھ رہی ہیں اور عالمی منڈی میں تیل کی قیمت 136 ڈالر فی بیرل تک جا پہنچی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر کھانے پینے کی اشیاء کی قلت ''خاموش سونامی'' کی شکل اختیار کر رہی ہے۔ ملک میں ایک طرف بجلی کا شدید بحران ہے تو دوسری طرف کھانے پینے کی اشیاء بشمول آٹا، چاول، دالیں اور سبزیوں کی قیمتیں اس حد تک بڑھ گئی ہیں کہ عام آدمی کا گزارہ کرنا ناممکن ہوتا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ مہنگائی کی وجہ سے لاکھوں خاندان فاقہ کشی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور فاقہ کشی کی وجہ سے روزانہ مختلف خاندان خودکشی کر رہے ہیں مگر افسوس کہ ہمارے سیاستداں غریب عوام کے بنیادی مسائل پر سرے سے توجہ نہیں دے رہے ہیں جبکہ اسٹاک ایکسچینج کا انڈیکس روزانہ گرتا جارہا ہے۔غریب ہی نہیں بلکہ چیمبر آف کامرس کے ارکان سمیت چھوٹے بڑے تاجر اور صنعتکار بھی پریشان ہیں اور غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر ملک کے سرمایہ کار بیرون ملک اپنا سرمایہ ٹرانسفر کر رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ امریکہ اور نیٹو ممالک پاکستان کی موجودہ سیاسی صورتحال پر انتہائی غیر اطمینانی کا شکار ہیں، پاکستان کی سرحدوں پر بھی انتہائی خوفناک خطرات منڈلا رہے ہیں مگر افسوس کہ ہم اور ہمارے سیاستداں ملک کی معاشی صورتحال کو بہتر بنانے اور عام آدمی کو دو وقت کی روٹی فراہم کرنے کی جدوجہد کے بجائے ایسے مسائل پر الجھے ہوئے ہیں جس کا ملک کے 98 فیصد غریب اور متوسط طبقہ کے عوام کے مسائل سے ہرگز ہرگز کوئی واسطہ نہیں جبکہ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی امداد بند کرنے کی باتیں کھلے عام بین الاقوامی اخبارات میں شائع ہورہی ہیں اور بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں سے مستقبل قریب میں ملک میں جو معاشی بحران ایک بڑے ہولناک طوفان کی شکل میں نمودار ہونے والا ہے اس کا اندازہ ارباب اختیار وسیاسی جماعتیں اور ان کے رہنماء نہیں لگا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی معاشی بدحالی کی صورتحال یہ ہے کہ روپے کی قیمت دن بدن گرتی جارہی ہے جبکہ فی ڈالر 71 روپے تک جا پہنچا ہے اور پاؤنڈ اسٹرلنگ 136 روپے سے آگے بڑھ رہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایسی نازک صورتحال میں بھی ہم احتجاج اور مظاہروں کی سیاست کر رہے ہیں جبکہ ملک کی بگڑتی ہوئی معاشی صورتحال کے پیش نظر ہمیں انتہائی سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیاسی اختلافات کو افہام وتفہیم سے حل کرنے پر توجہ دینی چاہئے اور احتجاجی سیاست اور ہر قسم کی محاذ آرائی سے گریز کرنا چاہئے۔ آخر میں جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے رفاہی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے پرزور اپیل کی کہ وہ فاقہ کشی کی زندگی گزارنے والے خاندانوں کو آٹا، چاول اور دالیں فراہم کرنے کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کریں تاکہ فاقہ کشی کی زندگی سے تنگ آکر خودکشی کرنے والے خاندان خودکشی کا راستہ اختیار کرنے کے بجائے ایک وقت کی روٹی کھا کر جینے کا راستہ اختیار کریں۔

## ایم کیوایم نوابشاہ زون کے کارکن اسرار حسین خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔26مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نوابشاہ زون یونٹ 5B کے کارکن اسرار حسین خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کمیٹی کے رکن کے والد اور نوابشاہ زون کے کارکن اسرار حسین خان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نوابشاہ زون یونٹ 5B کے کارکن اسرار حسین خان اور ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کمیٹی کے رکن غلام نبی کے والد محمد علی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت نے دارلسکون اور اس کی ذیلی شاخ سحر فاؤنڈیشن کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔26مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت ایڈوکیٹ نے کشمیر روڈ پر واقع دارالسکون اور اس کی ذیلی شاخ سحر فاؤنڈیشن کا دورہ کیا اور اسپیشل بچوں کے ہمراہ اپنا وقت گزارا۔خالد بن ولایت جب دارالسکون پہنچے تو میزبانوں نے ان کا استقبال کیا اور انہیں اسپیشل بچوں کے حوالے سے اپنی کارکردگی سے آگاہ کیا۔خالد بن ولایت نے اسپیشل بچوں کو اپنے ہاتھوں سے آئسکریم کھلائی اور انہیں ٹافیاں بھی دیں جس پر بچوں نے انہیں سلام کیا اور ان سے دلی لگاؤ کا اظہار کیا۔اس موقع پر خالد بن ولایت نے کہا کہ اسپیشل بچوں کی پرورش میں جو افراد اور فلاحی تنظیمیں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں وہ قابل تحسین ہے۔انہوں نے دارالسکون اور اس کی ذیلی شاخ سحر فاؤنڈیشن کی انتظامیہ کو اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین بھی دلایا۔

## رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم تیزی سے روبہ صحت

کراچی۔۔۔26مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم کی طبیعت فالج کے حملہ کے بعد اب تیزی سے صحت یابی کی جانب مائل ہے تاہم ڈاکٹروں کی ہدایت کے مطابق انہیں اب بھی اسپتال میں ضروری طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔انور عالم پر فالج کے حملے کے بعد متعدد سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں اور مختلف طبقہ فکر کے افراد کی جانب سے ان کی عیادت کا سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ روز بوہری کمیونٹی اسلام آباد کے ذوالفقار اور الرحمٰن الرحیم میڈیا نیٹ ورک کے عمران وحید خان نے مقامی اسپتال جاکر انور عالم کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔انہوں نے انور عالم کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم نارتھ امریکہ کی گرانڈ اسمبلی 6 تا 8 جون تک ہوگی گرانڈ اسمبلی کی تیاریوں کے سلسلے میں ٹورانٹو میں اہم اجلاس

## کارکنان جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کوعوام میں زیادہ سے زیادہ پھیلائیں، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

ٹورانٹو۔۔۔26 مئی 2008ء

ایم کیوایم کینیڈا کے زیراہتمام ٹورانٹو میں 6 تا 8 جون 2008ء تک نارتھ امریکہ کی گرانڈ اسمبلی ہوگی ۔اس سلسلے میں ٹورانٹو میں ایک اجلاس منعقد کیا گیا جس میں نارتھ امریکہ کے نگراں ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی ، ایم کیوایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹر سید علی ، ایم کیوایم یوایس اے کے نگراں عبادالرحمٰن اور تمام یونٹوں کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اجلاس سے اپنے خطاب میں ڈکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان 21 ویں صدی کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کوعوام میں زیادہ سے زیادہ پھیلائیں اور اپنی اپنی جغرافیائی حقیقتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تنظیمی کام کو جاری رکھیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم 98 فیصد غریب متوسط طبقہ کی جماعت ہے اور وہ ملک کے 60 سالہ حقوق سے محروم مظلوم ومحکوم عوام کو ان کے غصب شدہ حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کررہی ہے ۔انہوں نے ایم کیوایم کینیڈا کے زیراہتمام ٹورانٹوں میں 6 تا 8 جون تک گرانڈ اسمبلی کی تیاریوں کا جائزہ لیا اور اس سلسلے میں دن رات مصروف ذمہ داران وکارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ۔

## برما اور چین میں قدرتی آفت کے نتیجے میں ہونے والے بڑے پیانے پر

## جانی ومالی نقصانات پر ایم کیوایم کینیڈا کا اظہار افسوس

ٹورانٹو 26۔۔۔مئی 2008ء

ایم کیوایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹر سید علی، قائم مقام سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر، سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین اور تمام یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان نے برما اور چین میں آنے والی قدرتی آفات سے ہونے والے جانی اور مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے برما اور چین کی عوام سے اس افسوسناک واقع پر دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم اوورسیز کے تمام یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔

☆☆☆☆☆